اسلامیات (لازمی)	نہم 2015ء	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	(دوسرا گروپ)	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C،B،A اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- تکمیلِ ایمان کے اُصول ہیں:

(a) دو (b) تین

(c) چار ✓ (d) پانچ

2- نبی اکرم ﷺ مومنوں کے لیے زیادہ محبوب ہیں:

(a) ان کے مال سے (b) ان کی جانوں سے ✓

(c) ان کی اولاد سے (d) ان کے والدین سے

3- سورۃ الانفال میں اللہ نے حکم دیا ہے: اے نبی ﷺ! مسلمانوں کو ترغیب دو:

(a) علم حاصل کرنے کی (b) مال خرچ کرنے کی

(c) جہاد کرنے کی ✓ (d) نماز پڑھنے کی

4- زکوٰۃ کے مصارف ہیں:

(a) چھے (b) آٹھ ✓

(c) دس (d) چار

5- شیطان نے کافروں سے کہا کہ آج کے دن میں تمھارا ہوں:

(a) رفیق ✓ (b) بھائی

(c) خیر خواہ (d) سردار

6- تم میں سے بہتر وہ ہے جس نے:

(a) نیک اعمال کیے
(b) نماز پڑھی
(c) روزہ رکھا
(d) قرآن سیکھا اور سکھایا ✓

7- سورۃ الانفال میں مومنوں کی صفات بیان کی گئی ہیں:

(a) حج کرتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں
(b) نماز پڑھتے ہیں اور مال خرچ کرتے ہیں ✓
(c) علم حاصل کرتے ہیں اور نیک اعمال کرتے ہیں
(d) قرآن پڑھتے ہیں اور سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں

8- اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں:

(a) اہلِ علم ✓
(b) منافق
(c) یہودی
(d) عیسائی

9- لفظ الرَّکْبُ کا معنی ہے:

(a) پڑوسی
(b) رشتہ دار
(c) قافلہ ✓
(d) دوست

10- علم کی طلب ہر مسلمان پر ہے:

(a) سنت
(b) واجب
(c) مستحب
(d) فرض ✓